’’عنقریب تم میں سے ہر شخص سے اس کا رب اس حال میں کلام فرمائے گا کہ آدمی اور اس کے رب کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہو گا

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ’’عنقریب تم میں سے ہر شخص سے اس کا رب اس حال میں کلام فرمائے گا کہ آدمی اور اس کے رب کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہو گا آدمی اپنی دائیں جانب دیکھے گا تو اسے آگے بھیجے ہوئے عمل ہی نظر آئیں گے، اپنی بائیں جانب دیکھے گا تو ادھر بھی اپنے آگے بھیجے ہوئے عمل ہی دیکھے گا اور اپنے سامنے دیکھے گا تو سامنے اسے جہنم کی آگ کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا چنانچے تم آگ سے بچو، اگرچے کھجور کا ایک ٹکڑا (صدقہ کرنے) کے ذریعے ہی سے ہو‘‘

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ قیامت کے دن ہر مومن اللہ تعالی کے سامنے اکیلا کھڑا ہوگا اور اللہ اس سے بلاواسطہ بات کرے گا دونوں کے درمیان بات کا ترجمہ کرنے کے لیے کوئی ترجمان نہیں ہوگا وہ گھبراہٹ کے عالم میں دائیں بائیں دیکھے گا کہ شاید جہنم سے، جو اس کے سامنے موجود ہے، بھاگنے کا کوئی راستہ مل جائے لیکن دائیں دیکھے گا تو اسے اپنے آگے بھیجے ہوئے اچھے اعمال کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا بائیں دیکھے گا تو اسے اپنے آگے بھیجے ہوئے برے اعمال کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا جب کے آگے دیکھے گا، تو جہنم نظر آئے گی، جس سے وہ بچ کر نکل نہیں سکے گا، کیوں کے اسے صراط سے گزرنا ہی پڑے گا بعد ازاں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: اپنے اور جہنم کے بیچ صدقے اور نیکی کے کام کو آڑ بنا لو یہ چاہے کسی معمولی چیز، جیسے آدھی کھجور کا صدقہ کرکے ہی کیوں نہ ہو

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6615